23/08/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اشفاق امین سے خبریں سُنئے

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ سرکاری ملازمین انتظامیہ میں ریڑھ کی ہڑی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ملازمین کی دیانت داری ، لگن اور غیر جانبداری انتظامی معاملات کا اہم اثاثہ ہیں ۔ ان باتوں کا اظہار ایل جی نے سینٹر فار Innovations In Public System کا ایوارڈ حاصل کرنے والے ملازمین کی عزت افزائی کے لئے منعقدہ ایک تقریب پر کیا ۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں انتظامیہ کو عوام دوست بنایا گیا ہے جس میں لوگوں کی ضروریات کو پورا کرنے پر خاص توجہ دی جاتی ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے نگروٹہ میں قائم سینک اسکو ل کے 56ویں یوم تاسیس کے سلسلے میں منعقدہ تقریب میں شرکت کی۔ انہوں نے نوجوانوں میں نظم وضبط اور قائدانہ صلاحتیں پیدا کرنے کیلئے ادارے کی ستائش کی ۔ وزیرا علیٰ نے اس موقعے پر وہاں تعمیر کئے گئے ترویني گرلز ہوسٹل کا بھی افتتاح کیا۔سینک سکول پہنچنے پر وزیر اعلیٰ کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا جس کے بعد انہوں نے شوریہ سمارک پر گل دائرے چڑھا ئے ۔ اس تقریب میں فوج کی 16 ویں کور کے اعلیٰ افسران نے بھی شرکت کی ۔

کھیلو انڈیا

شہرہ آفاق جھیل ڈل میں 21 اگست کو شروع ہوا کھیلو انڈیا واٹر سپورٹس فسٹیول آج اختتام پذیر ہو رہا ہے ۔ فسٹیول کے پہلے دو دن کے دوران منعقد ہوئے مختلف کھیل مقابلوں میں کھلاڑیوں نے مقابلے میں جموں کشمیر کے Kayaking شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا ۔ کل ایک ہزار میٹر محسن علی نے سونے کا تمغہ جیت لیا ۔ اس کے علاوہ سجاد اور محمد حسین نے پانچ سو میٹر

میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا ہے جبکہ محمد حسین نے ایک ہزار میٹر کے Canoe Doubles میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا ۔ Canoe Singles

ERA

ایجنسی کی چیف ایگزیکیوٹیو آفیسر شریا سنگھل نے کل Reconstruction جموں کشمیر اِکنامک افسران کی ایک میٹنگ میں جہلم توی فلڈ رِکوری پروجیکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہیں بتایا گیا کہ 213 ذیلی پروجیکٹوں میں سے 197 کو پہلے ہی مکمل کیا جا چکا ہے جبکہ باقی پروجیکٹوں پر کام جاری ہے ۔ واضح رہے کہ جہلم توی فلڈ رِکوری پروجیکٹ کو عالمی بنک کی مالی معاونت سے عملایا جا رہا ہے ۔

IMPA-RD

Right to کے مشترکہ اہتمام سے IMPA-RD سرینگر میں کل سینٹرل انفارمیشن کمشن اور کے موضوع پر ایک ورکشاپ منعقد ہوا ۔ Information and Citizen Centric Governance ایکٹ RTI اس موقعہ پر جموں کشمیر کے چیف انفارمیشن کمشنر ہیرا لال سماریہ نے یوٹی میں کی ڈائریکٹر IMPA-RD کی عمل آوری کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا ۔ اپنی تقریر میں نے ادارے کی سرگرمیوں کا تذکرہ کیا ۔ Rehana Batool

ڈائریکٹر پنچایت

جموں کشمیر کے ڈائریکٹر پنچایت راج شام لال نے تمام پنچایت اسسٹنٹ کمشنروں کے ساتھ ایک میٹنگ میں یوٹی میں 250 ماڈل گرام پنچایت کلسٹرس کے قیام کے پروجیکٹ کی پیش رفت کا جائیزہ لیا۔
ا

---

نہوں نے کہا کہ مثالی گرام پنچایتوں کے قیام کا مقصد بنیادی سطح کے جمہوری اداروں کو مزید ± مستحکم اور با اختیار بنا نا ہے ۔ واضح رہے کہ اس پروجیکٹ کو اننت ناگ ، کپواڑہ ، سانبہ، جموں، ریاسی اور ادھمپور اضلاع میں عملانے کی منظوری ملی ہے ۔

ڈپٹی کمشنر بڈگام

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی صدارت میں منعقدہ ضلع سطح کی عمل آوری کمیٹی کی ایک میٹنگ میں مشن یووا کے تحت وصول کی گئی درخواستوں کا جائزہ لیا گیا ۔

میٹنگ میں بتایا گیا کہ ضلع میں اب تک اس سکیم کے تحت ایک ہزار 939 درخواستیں موصول ہوئی ہیں جن میں سے 508 درخواستوں کو منظور کیا گیا ہے ۔ میٹنگ کے دوران مزید 150 درخواستوں کو منظوری دی گئی ۔

گاندربل

گاندربل میں ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی اور تحصیل لیگل سروسز اتھارٹی کے مشترکہ اہتمام سے ایک تعلیمی ادارے میں " صارفین کے حقوق اور قانونی چارہ جوئی " کے موضوع پر ایک جانکاری پروگرام منعقد ہوا ۔ پروگرام کا مقصد طالب علموں کو صارفین کے حقوق کے بارے میں جامع جانکاری فراہم کرنا تھا ۔ اس موقعہ پر ماہرین نے موضوع کے تعلق سے اپنی تقریر میں کہا کہ صارفین کو اپنے حقوق کے بارے میں جانکاری حاصل کرنی چاہئے ۔

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ

ڈپٹی کمشنر کپواڑہ شری کانت بالا صاحب سوسے نے کل ایک تقریب کے دوران " SVAMITVA سکیم کے تحت لال پورہ تحصیل کے مستحق افراد میں پراپرٹی کارڈ تقسیم کئے ۔ انہوں نے " محکمہ مال کے افسران کو اس عمل میں سرعت لانے کی ہدایت دی ۔

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت محکمہ اطلاعات و تعلقاتِ عامہ کے کلچرل یونٹ کی جانب سے گورنمنٹ بائز ہائی سکول نند پورہ ڈل سرینگر میں ایک جانکاری پروگرام منعقد ہوا ۔ اس موقعہ پر کلچرل وِنگ کے فنکاروں نے منشیات کے استعمال کے مضر اثرات کے موضوع پر مختصر Skit ۔ پیش کئے

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ